ڈاکٹر امتیاز احمد عباسی

اللہ کا بن

اللہ کا بنا اللہ کا بنا
اللہ پہ لگا دے تن من دھن
غیر اللہ سے دل نہ لگا
غیر اللہ ہے ظن ہی ظن
اللہ کا بنا اللہ کا بنا
اللہ پہ لگا دے تن من دھن
ہر چاہت پہ تیری غالب ہو
اللہ کی چسک اللہ کی لگن
اللہ کا بنا اللہ کا بنا
اللہ پہ لگا دے تن من دھن
یاد میں اس کی سب ڈوبے
کیا شجر و حجر کیا سرو و سمن
اللہ کا بنا اللہ کا بنا
اللہ پہ لگا دے تن من دھن
قدرت کے مظاہر ہیں اس کے
سب مہر و ماہ سب کوہ و دمن
اللہ کا بنا اللہ کا بنا
اللہ پہ لگا دے تن من دھن
اے ذکر خدا تیرے کیا کہنا
مسرور ہیں روح و قلب و بدن
اللہ کا بنا اللہ کا بنا
اللہ پہ لگا دے تن من دھن
ہیں راہ خدا کی سوغاتیں
یہ زخمیں چوٹیں دار و رسن